آفس علماء کی پرامن احتجاجی ریلی نکالی گئی اور آنجناب کی خدمت میں اسی سلسلہ میں ایک یادداشت بھی پیش کی جارہی ہے ،دریں اثناء اس فیصلے کے خلاف چناب نگر میں بالخصوص علماء و مسلمان طلباء میں شدید اضطراب پایا جارہا ہے جناب والا! اگر چناب نگر کے سرکاری تعلیمی ادارے قادیانیوں کو دیئے گئے تو حالات کافی حد تک خراب ہونے کا اندیشہ ہے آنجناب کے علم میں یہ بات بھی ہے کہ چناب نگر ایک حساس شہر ہے یہاں پر اس قسم کے فیصلے سے نقص امن کا خطرہ ہے۔

اندریں حالات آنجناب سے استدعا ہے کہ چناب نگر کے سرکاری تعلیمی اداروں کو قادیانیوں کو واپس دینے سے گریز کیا جائے تاکہ امن وامان کی فضاء برقرار رہ سکے۔

منجانب

محمد الیاس چنیوٹی (ایم پی اے)	قاری شبیر احمد عثمانی	محمد مغیرہ
امیر	نائب امیر	ڈپٹی سیکرٹری جنرل
انٹرنیشنل ختم نبوت مومنٹ پاکستان	نائب امیر انٹرنیشنل ختم نبوت مومنٹ پاکستان	مجلس احرار اسلام پاکستان

☆......☆......☆

مجلس احرار اسلام کے یومِ تاسیس پر اجتماعات

لاہور (29 دسمبر) یوم تاسیس احرار کے سلسلہ میں مختلف مقامات پر اجتماعات اور پرچم کشائی کی تقاریب منعقد ہوئیں ،دفتر مرکزیہ لاہور میں ایک اجتماع مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری کی زیر صدارت منعقد ہوا ،مرکزی ناظم اعلیٰ عبداللطیف خالد چیمہ ،میاں محمد اویس ،قاری محمد یوسف احرار اور تحریک طلباء اسلام کے رہنما محمد قاسم چیمہ نے خطاب کیا ،ٹوبہ ٹیک سنگھ میں جامع مسجد مُعاویہ میں ”یوم تاسیس احرار“ کے اجتماع میں مرکزی نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد ،حافظ محمد اسماعیل اور قاری عبیدالرحمٰن زاہد نے خطاب کیا اور جماعت کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔

مسافرانِ آخرت

● **حضرت مولانا علاء الدین رحمۃ اللہ علیہ:**

معروف اور جیّد عالم دین حضرت مولانا علاء الدین رحمۃ اللہ علیہ ۱۶ / دسمبر ۲۰۱۳ء کو تقریباً سو سال کی عمر میں ڈیرہ اسمٰعیل خان میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت مولانا نہایت علمی اور تحریکی مزاج کے حامل بزرگ تھے۔ دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی نوراللہ مرقدہٗ کے شاگردِ رشید تھے۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے بہت محبت وعقیدت تھی۔ اسی لیے اپنی عملی اجتماعی زندگی کا آغاز مجلس احرارِ اسلام کے سٹیج سے کیا۔ بعد میں جمعیت علماء اسلام سے وابستہ ہوگئے۔ امام اہلِ سنت حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری قدس اللہ سرہ العزیز سے گہرا علمی وادبی تعلق تھا۔ حضرت ابوذر بخاری نے ۱۹۴۹ء میں ”نادیۃ الادب الاسلامی“ کے نام سے ادبی

تنظیم بنائی تو مولانا علاء الدین اس کے رکن بنے۔ نادیہ نے ''مستقبل'' کے نام سے ادبی جریدہ جاری کیا تو مولانا ''مستقبل'' کے معاون اور سرپرستی کرنے والوں میں نمایاں تھے۔ ابناء امیر شریعت سے نہایت احترام کے ساتھ ملتے اور بے پناہ اکرام کرتے۔ یوں تو سب نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے لیکن ایک عالم کی موت کا صدمہ نہایت گہرا ہے۔ ابنِ امیر شریعت قائدِ احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم نے فون پر حضرت کے فرزندان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے فرمایا: ''میں خود حاضر ہوتا لیکن چھے ماہ سے بیمار ہوں۔ عذر کی بنیاد پر حاضر نہ ہوسکا۔'' مولانا احرار کے قدیم رفقاء میں سے تھے۔ مولانا کے فرزندان خصوصاً مولانا افتخار احمد سے تعزیت کی۔ نیز سید محمد کفیل بخاری نے بھی فون پر اظہارِ تعزیت کیا۔ حق تعالیٰ ان کے حسنات قبول فرمائے اور مغفرت فرمائے (آمین)

- ڈاکٹر احمد علی سراج کے جواں سال فرزند جناب عبداللہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئے
- مولوی عبدالغفار صاحب کی والدہ ۱۳؍دسمبر ۲۰۱۳ء کو ملتان میں انتقال کر گئیں
- جہانزیب چوہان صاحب کی ہمشیرہ بہاولپور میں انتقال کر گئیں
- مولانا شمس الرحمٰن معاویہ، اہل سنت والجماعت پنجاب کے صدر ۶؍دسمبر ۲۰۱۳ء بعد نمازِ جمعہ لاہور میں شہید کر دیے گئے
- ہمشیر مرحومہ ڈاکٹر ریاض احمد جتوئی (صدر مجلس احرار اسلام، یونٹ: بڑی بستی ارائیں، جتوئی) انتقال: دسمبر ۲۰۱۳ء
- قاری محمد عبداللہ ملتانی کے والد ماجد ملک مہر حسین ۱۵؍دسمبر کو ملتان میں انتقال کر گئے
- چیچہ وطنی میں طاہر محمود چیمہ چک 12L-۴۲، انتقال: ۱۳؍دسمبر ۲۰۱۳ء
- لاہور میں کرنل (ر) فاروق احمد خاں کی خالہ انتقال کر گئیں۔
- مدرسہ معمورہ ملتان کے مدرس حافظ محبوب الرحمٰن کی ہمشیر انتقال کر گئیں
- جام مشتاق احمد مرحوم: ماہڑہ، ضلع مظفر گڑھ کے سرگرم تحریکی ساتھی۔ انتقال: ۵؍دسمبر ۲۰۱۳ء
- مدرسہ معمورہ ملتان کے ہمسائے بھائی محمد اکبر کے داماد ملک ناصر اور ملک خالد کی والدہ ماجدہ۔ انتقال: ۲۷؍دسمبر ۲۰۱۳ء

قارئین سے درخواست ہے کہ ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

دعائے صحت

- جناب عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم و رکن مرکزی مجلس شوریٰ۔ ان دنوں شدید علیل ہیں
- جامع مسجد چیچہ وطنی کے خطیب اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر شیخ الحدیث مولانا محمد ارشاد علیل ہیں
- چودھری محمد اکرام: مجلس احرارِ اسلام لاہور کے قدیم کارکن اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن۔ گزشتہ کئی ماہ سے علیل ہیں۔
- محمد بشیر چغتائی: مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر اور مجلس احرار اسلام کے مخلص کارکن، گزشتہ تین برس سے علیل ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)